بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

Shia Books PDF منظر ایلیاء



https://www.shiabookspdf.com

MANZAR AELIYA
9391287881
HYDERABAD INDIA

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فالنامہ امامیہ

یہ فالنامہ حضرت امام رضا علیہ السلام سے منسوب ہے اور مئولف حرز المومنین لامان الخائفین ، جناب وزیرالدین حسین بن سید نثار اعلی اللہ مقامہ نے علی بن قاضی ایرانی مترجم رسالہ امامیہ کے حوالے سے اس فالنامہ کو نقل کیا ہے۔ فالنامہ کی تمہید میں لکھا ہے کہ ایک وقت مامون رشید عباسی نے خدمت اقدس امام مظلوم الشہید مسموم علم العلم المکتوم جناب ابوالحسن علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام میں عرض کی کہ میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے لئے کوئی ایسی کتاب تصنیف فرماویں کہ میں اس کو ہمیشہ اپنے پاس رکھوں تا کہ مجھے پھری کوئی تقویم منجم یا دوسری کتاب درکار نہ ہو یعنی مجھے اس کتاب سے عافیت کار اپنے امور کا ہو جایا کرے۔ پس حضرت نے ایک کتاب تصنیف فرمائی اور نام اس کا امامیہ رکھا۔

https://www.shiabookspdf.com

یہ کتاب پہلے عربی زبان میں تھی جس کا فارسی ترجمہ علی بن قاضی ایرانی نے کیا اور رسالہ امامیہ کے نام سے اپنی تالیفات میں شامل کیا۔ فارسی سے جناب وزیرالدین حسین اعلی اللہ مقامہ نے اس کو اردو میں منتقل کیا۔ اس فالنامہ کی افادیت کے پیش نظر امامہ جنتری میں وضاحت کے ساتھ شائع کیا تا کہ زیادہ سے زیادہ

مومنین اس سے استفادہ حاصل کرسکیں۔

فال دیکھنے کا طریقہ

پہلا مرحلہ:۔ یہ فالنامہ دیکھنے کے لئے تین مرحلے طے کرنے پڑتے ہیں۔ پہلے وضو کیجئے اور ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پانچ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنا سوا نقشہ سوالات نمبر ا میں تلاش کیجئے اس نقشے کے پہلے خانہ میں ایک حف تہجی ہے اور اس کے مقابل چھ خانے ہیں جن سے ہر ایک خانے میں ایک سوال درج ہے۔اس طرح وہ نقشہ سوالات کل اڑتالیس (48) پر مشتمل ہے۔آپ کا مطلوبہ سوال جس حرف کے مقابل درج ہوا سے نوٹ کرلیں اور اس کے بعد نقشہ سوالات نمبر ۲ میں وہی سوال تلاش کیجئے اور اس کے مقابل جو حرف تہجی درج ہوا سے بھی یاد رکھیں۔آپ کے مطلوبہ سوال کے ساتھ دو حروف تہجی متعلق ہو جائیں گے۔ایک حرف نقشہ نمبر ا کے مطابق اور دوسرا نقشہ نمبر ۲ کے مطابق۔حروف کے انتخاب کے بعد فالنامہ کا دوسرا مرحلہ شروع ہوتا ہے۔

https://www.shiabooks.com

دوسرا مرحلہ:۔ اس کی پہلی صورت تو یہ ہے کہ سائل کے ساتھ ایک ساتھی بھی ہو۔سائل اپنے سوال کو ذہن میں رکھ کر اپنے دونوں ہاتھ پشت کی جانب لے جا کر ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کی ایک یا جند انگلیاں پکڑے اور یہی عمل اس کا ساتھی بھی

کرے۔اب سائل اپنے ہاتھ کی گرفت شدہ انگلیوں کی تعداد اپنے ساتھی کو بتائے اور اپنے ساتھی سے بھی دریافت کرے۔ دونوں کی گرفت شدہ انگلیوں کی مجموعی تعداد کو یاد رکھے کیوں کہ یہی تعداد پہلے مرحلے کے منتخب شدہ حروف کے ساتھ شامل ہوکر فالنامہ کے تیسرے مرحلے میں کام آتی ہیں اور سائل کو اس کے انجام سے باخبر ہونے میں مدد دیتی ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ تسبیح کے دس دانے کسی رومال یا تھیلی میں رکھ لیجئے اور پانچ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد سوال کو ذہن میں رکھتے ہوئے آنکھیں بند کرکے دانے مٹھی میں اٹھ لیجئے جتنے دانے مٹھی میں آجائیں ان کی تعداد یاد رکھئے۔

https://www.shiabooks.com

تیسری صورت یہ ہے کہ نقشہ نمبر۳ میں جو دس خانے ہیں اور جن میں سے ایک سے دس تک نمبر پڑے ہوئے ہیں ان میں سے ایک نمبر انتخاب کیجئے۔اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور پانچ مرتبہ درود شریف پڑھ کر آنکھیں بند کرکے اس نقشے پر انگلی رکھ دیجئے۔جس خانے پر انگلی رکھی ہو اس کا نمبر نوٹ کر لیجئے۔اگر انگلی دو خانوں کے درمیان آجائے تو پھر سے دہرایئے تاکہ واضح طور پر ایک ہی نمبر منتخب ہو سکے۔

تیسرا مرحلہ

پہلے مرحلے کے مطابق آپ کے پاس دو حروف ہونگے اور دوسرے مرحلہ کے

مطابق آپ کے پاس ایک عدد ہوگا تیسرے مرحلے میں آپ کو نقشہ نمبر (۴) میں اپنے حروف تلاش کرنے ہونگے۔ آپ کے مطلوبہ حروف جس خانے میں مل جائیں ان کے مقابل ایک بزرگ کا نام درج ہوگا اس نام کو شامل کرتے ہوئے نقشے میں نیچے کی جانب اتنے خانے شمار کیجئے جتنے دوسرے مرحلے کے مطابق آپ کا عدد ہے۔ اس طرح جس بزرگ کا نام آپ کو ملے گا جوابات میں اس کا اسم گرامی تلاش کیجئے اور اس کے تحت آپ کو اپنے عدد کے سامنے جو عبارت ملے گی وہی آپ کے سوال کا صحیح جواب ہوگا۔

مثال

https://www.shiabookspdf.com

آپ کوئی سفر کرنا چاہتے ہیں اور اس کے بارے میں تشویش ہے کہ اختیار کریں، اگر اختیار کریں تو انجام کیا ہوگا چنانچہ آپ فالنامے کے پہلے مرحلے کے مطابق نقشہ نمبر (۱) میں سوال تلاش کریں۔ سوال کے مقابل حرف (الف) درج ہے۔ یہی سوال نقشہ نمبر (۲) میں تلاش کیجیے تو سوال کے مقابل حرف (ح) ملے گا۔ اس طرح آپ کے سامنے دو حروف آتے ہیں یعنی (ا اور ح) چنانچہ یہ حروف آپ نے یاد کر لئے یا کسی کاغذ پر لکھ لئے۔ اب دوسرے مرحلے میں آپ تین صورتوں میں سے کسی ایک صورت پر عمل کرتے ہیں۔ پہلی صورت میں اگر آپ نے دو انگلیاں اور آپ کے ساتھی نے دو انگلیاں گرفت میں لی ہیں تو پانچ کا عدد حاصل ہوا۔ (یا

)دوسری صورت کے مطابق آپ نے تسبیح کے دانے نکالے ان کی تعداد پانچ ہے (یا) نقشہ نمبر (۳) میں آپ نے پانچ کے عدد پر انگلی رکھی ہے یعنی کسی بھی صورت کے آنے سے آپ کو پانچ کا عدد حاصل ہو گیا ہے۔اس کے بعد نقشہ نمبر (۴) میں اپنے حروف (ا۔ح) تلاش کیجیے۔(ا۔ح) کے سامنے دیکھیں حضرت آدم صفی اللہ کا اسم گرامی ملے گا۔اس خانے کو شمار میں لاتے ہوئے پانچ خانے نیچے کی طرف شمار کیجئے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا اسم گرامی سامنے آئے گا۔ جوابات میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا نام تلاش کیجئے اور اسکے ساتھ نمبر ۵ کے سامنے عبارت ملے گی۔ قصد سفر ہے خوب مبارک ہو کہ فیض پائے گا۔

https://www.shiabookspdf.com

نقشہ سوالات نمبر ا

حرف	سوالات					
ا	میں فلاں سفر کروں انجام کیا ہوگا	فلاں ملک (چیز) خریدوں انجام کیا ہوگا	فلاں چیز کو فروخت کروں انجام کیا ہوگا	پیش آنے والا میرا احوال کیا ہوگا	فلاں شخص کی ملازمت اختیار کروں تو انجام کیا ہوگا	میں غم سے نجات پاؤں گا یا نہیں
ب	فلاں کام ترک کروں انجام کیا ہوگا	فلاں ملازمت چھوڑ دوں انجام کیا ہوگا	اس مرد کی مصاحبت اختیار کروں انجام کیا ہوگا	فلاں عورت سے نکاح کروں انجام کیا ہوگا	اس عورت کو طلاق دوں انجام کیا ہوگا	اس دختر کا عقد فلاں مرد کے ساتھ کروں انجام کیا ہوگا۔
ج	اولاد ہوگی یا نہیں امید فرزند کی ہے؟	حاملہ عورت کے ہاں لڑکی ہوگی یا لڑکا	فلاں کی ضمانت دوں یا نہیں	اس خواب کی تعبیر کیا ہوگی	مجھے علم حاصل ہوگا یا نہیں	مجھے حج کی سعادت حاصل ہوگی یا نہیں
د	مجھے زیارت کربلا نصیب ہوگی یا نہیں	میں اپنے دشمنوں پر فتح پاؤں گا یا نہیں	اس ملک کو اجارہ میں لوں تو انجام کیا ہوگا	اس ملک کو اجارہ میں دوں تو انجام کیا ہوگا	اس دوکان سے دوسری دوکان میں جاؤں تو انجام کیا ہوگا	یہ مقدمہ عدالت میں لے جاؤں تو انجام کیا ہوگا۔
ک	حاکم سے فائدہ ہوگا یا نہیں	عاشق اپنے معشوق سے ملے گا یا نہیں	میرا قرض ادا ہوگا یا نہیں	اس سواری کو فروخت کروں یا نہ کروں	اس سواری کو مول لوں یا نہیں	فلاں کو قرض دوں یا نہ دوں
ل	فلاں کی رفاقت کروں یا نہیں	اس غلہ کو خریدوں یا نہیں	اس غلہ کو فروخت کروں یا نہیں	اس دوا کو کھاؤں یا نہیں	وطن کی طرف جاؤں یا نہیں	اس سال میری معاش کیونکر گزرے گی
م	وطن سے باہر جاؤں یا نہیں	اس متاع کو خریدوں یا نہیں	اس متاع کو بیچوں یا نہیں	اس ملازم کو رکھوں یا نہیں	اس ملازم کو الگ کردوں یا نہیں	فلاں کے ساتھ شرکت کروں یا نہیں
ن	تجارت کروں تو میرا انجام کیا ہوگا	نقل مکان کروں یا نہیں	میری مراد پوری ہوگی یا نہیں	جو آدمی غائب ہے وہ آئے گا یا نہ	گم شدہ چیز ملے گی یا نہ	بیمار شفاء پائے گا یا نہ

https://www.shiabookspdf.com

نقشہ سوالات نمبر۲

حرف	سوالات			
ح	فلاں سفر کروں انجام کیا ہوگا	فلاں کام ترک کروں تو انجام کیا ہوگا	میرے اولاد ہوگی یا نہیں امید فرزند کی ہے ؟	مجھے زیارت کربلا نصیب ہوگی یا نہیں
ط	میں اپنے دشمن پر فتح پاؤں گا یا نہیں	فلاں (ملک) چیز کو خریدوں تو امجام کیا ہوگا	فلاں ملازمت چھوڑ دوں تو انجام کیا ہوگا	اس حاملہ کے یہاں لڑکا ہوگا یا لڑکی
ی	اس مقدمے کو عدالت میں لے جاؤں تو انجام کیا ہوگا	اپنی فلاں چیز فروخت کروں تو انجام کیا ہوگا	اس مرد کی مصاحبت (دوستی) کا انجام کیا ہوگا	فلاں کی ضمانت دوں یا نہیں
ہ	اس ملک کو اجارہ میں لوں تو انجام کیا ہوگا۔	پیش آمدہ میرا احوال میرا کیا ہوگا	فلاں عورت سے نکاح کروں انجام کیا ہوگا	اس خواب کی تعبیر کیا ہوگی
و	اس ملک کو اجارہ میں دوں تو انجام کیا ہوگا	مجھے علم میسر ہوگا یا نہیں	فلاں عورت کو طلاق دوں انجام کیا ہوگا	فلاں کی ملازمت اختیار کروں انجام کیا ہوگا
ز	اس دکان سے دوسری دکان مین منتقل ہو جاؤں تو انجام کیا ہوگا	میں غم سے نجات پاؤں گا یا نہیں	اس دختر کا عقد فلاں مرد سے کروں انجام کیا ہوگا	مجھے حج نصیب ہوگا یا نہیں
س	تجارت کروں تو انجام کیا ہوگا	میں حاکم سے فائدہ حاصل کروں گا یا نہیں	فلاں کے ساتھ رفاقت کروں انجام کیا ہوگا	اپنے وطن سے باہر جاؤں یا نہیں
ع	نقل مکان کروں یا نہیں	عاشق اپنے معشوق سے ملے گا یا نہیں	اس غلہ کو خریدوں یا نہیں	اس متاع (مال) کو خریدوں یا نہیں
ف	میرا قرض ادا ہوگا یا نہیں	میری مراد پوری ہوگی یا نہیں	اس متاع (مال) کو فروخت کروں یا نہیں	اس غلہ کو فروخت کروں یا نہیں
ص	غائب (لاپتہ) آئے گا یا نہیں	اس گاڑی کو خریدوں یا نہیں	وطن کی طرف جاؤں یا نہیں	اس مرد کے ساتھ شرکت کروں یا نہیں
ق	اس گاڑی کو فروخت کروں یا نہیں	گم شدہ چیز ملے گی یا نہیں	اس ملازم کو نکال دوں یا نہیں	اس دوا کو کھاؤں یا نہیں
ر	بیمار شفاء پائے گا یا نہ	فلاں کو قرض دوں یا نہیں	اس ملازم کو رکھ لوں یا نہیں	اس سال میری معاش کس طرح گذرے گی

https://www.shiabookspdf.com

نقشہ نمبر۳

	۱	۲	
۳	۴	۵	۶
۷	۸	۹	۰۱

نقشہ نمبر۴

نمبر شمار	حروف	نام	نمبر شمار	حروف	نام	نمبر شمار	حروف	نام
۱	ا۔ح	آدم صفی اللہ	۱۷	ج۔د	زکریا علیہ السلام	۳۳	ل۔ف	ہود علیہ السلام
۲	ا۔ط	شیث علیہ السلام	۱۸	ج۔ز	یوشع علیہ السلام	۳۴	ل۔ص	محمد مصطفیٰ صلعم
۳	ا۔ی	نوح علیہ السلام	۱۹	د۔ح	یسع علیہ السلام	۳۵	ل۔ق	علی مرتضیٰ علیہ السلام
۴	ا۔ہ	ابراہیم علیہ السلام	۲۰	د۔ط	ذی الکفل علیہ السلام	۳۶	ل۔ز	امام حسن علیہ السلام
۵	ا۔د	اسمٰعیل علیہ السلام	۲۱	د۔ی	الیاس علیہ السلام	۳۷	م۔س	امام حسین علیہ السلام
۶	ا۔ز	اسحٰق علیہ السلام	۲۲	د۔ہ	خضر علیہ السلام	۳۸	م۔ع	امام زین العابدین علیہ السلام
۷	ب۔ح	یعقوب علیہ السلام	۲۳	د۔د	صالح علیہ السلام	۳۹	م۔ف	امام محمد باقر علیہ السلام
۸	ب۔ط	یوسف علیہ السلام	۲۴	د۔ز	ذوالقرنین علیہ السلام	۴۰	م۔ص	امام جعفر صادق علیہ السلام
۹	ب۔ی	یونس علیہ السلام	۲۵	ک۔س	داؤد علیہ السلام	۴۱	م۔ق	امام موسیٰ کاظم علیہ السلام
۰۱	ب۔ہ	ایوب علیہ السلام	۲۶	ک۔ع	سلیمان علیہ السلام	۴۲	م۔ر	امام رضا علیہ السلام
۱۱	ب۔د	ادریس علیہ السلام	۲۷	ک۔ف	عزیز علیہ السلام	۴۳	ن۔س	امام محمد تقی علیہ السلام
۱۲	ب۔ز	شعیب علیہ السلام	۲۸	ک۔ص	عزیر علیہ السلام	۴۴	ن۔ع	امام علی نقی علیہ السلام
۱۳	ج۔ح	موسیٰ علیہ السلام	۲۹	ک۔ق	اوریا علیہ السلام	۴۵	ن۔ف	امام حسن عسکری علیہ السلام
۱۴	ج۔ط	ہارون علیہ السلام	۳۰	ک۔ر	جرجیس علیہ السلام	۴۶	ن۔ص	امام مہدی علیہ السلام
۱۵	ج۔ی	عیسٰے علیہ السلام	۳۱	ل۔س	شمعون علیہ السلام	۴۷	ن۔ق	حضرت سلمان فارسی
۱۶	ج۔ہ	یحییٰ علیہ السلام	۳۲	ل۔ع	لوط علیہ السلام	۴۸	ن۔ر	حضرت جابر بن عبداللہ انصاری

https://www.shiabookspdf.com

جوابات

حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام

۱	ارادہ سفر کا ہے بہت مبارک ہے درست کام ہوگا انشاءاللہ تعالیٰ
۲	انشاءاللہ بہت جلد شفا ہوگی
۳	جو چیز تیرے پاس سے گئی ہے انشاءاللہ ملے گی
۴	جلد آوے گا انشاءاللہ تعالیٰ
۵	اپنی مراد چاہتا ہے انشاءاللہ پوری ہوگی نماز میں تقصیر مت کر کہ خوب نہیں
۶	نقل مکان کا ارادہ ہے دو روز صبر کر کہ طالع تیرا قوی ہو۔
۷	تجارت کا ارادہ ہے تو مبارک ہے۔ انشاءاللہ بہت نفع ہوگا
۸	ضرور رکھ لے اس کا قدم مبارک ہوگا
۹	ایسا مت کر کہ پشیمانی ہوگی
۱۰	یہ شرکت مبارک اور مفید ہوگی۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت شیث علیہ السلام

۱	ارادہ ملک خریدنے کا ہے مبارک ہے خرید لے انشاءاللہ بہت نفع اٹھائے گا
۲	سفر کا ارادہ ہے روانہ ہو انشاءاللہ کامیاب واپسی ہوگی۔ پشیمانی نہ ہوگی۔
۳	صحت ہوگی لیکن مریض کو چاہیے کہ اپنے گناہوں سے توبہ کر لے۔
۴	ملے گی لیکن زحمت کے بعد
۵	غائب کا خط پہنچے گا
۶	مراد پوری ہوگی
۷	جلدی مت کر پریشان ہوگا
۸	نفع ہوگا
۹	جس کو ملازمت دینا چاہتا ہے مت دے ورنہ تجھے پریشانی ہوگی۔
۱۰	علیحدہ کرنا مناسب ہے کیونکہ وہ تجھے کوئی فیض نہیں پہنچا سکتا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت نوح علیہ السلام

۱	ہرگز مت بیچ کہ بعد میں پشیمانی ہوگی
۲	جس چیز کو خریدنا چاہتا ہے خرید لے بہتر اور خوب ہے
۳	چند روز صبر چاہیے
۴	وراثوں کو چاہیے کہ ایک ہفتہ تک اپنے مقدور کے مطابق صدقہ دیتے رہیں تا شافیٔ مطلق شفا دے
۵	گم شدہ چیز مل جائے گی عبث جفامت کھینچ کہ بے فائدہ ہے۔
۶	جلد آوے گا انشاء اللہ
۷	یہ مراد بہت دیر سے پوری ہوگی اللہ سے مانگ تا کہ جلد برآوے
۸	جس جگہ رہتا ہے وہاں رہنا ہی مناسب ہے۔
۹	یہ سودا خوب ہے نفع ہوگا
۱۰	مبارک قدم ہے فائدہ پہنچائے گا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت ابراہیم علیہ السلام

۱	پیش آمدہ احوال سب سالوں سے بہتر ہوگا اور خوب ہوگا
۲	فروخت کردے کہ نگاہ رکھنے سے اس کے فائدہ نہیں
۳	ہرگز مت خرید کہ پشیمانی اور پریشانی ہوگی
۴	سفر کا ارادہ ہے تو مبارک ہے
۵	جلد صحت ہوگی انشاءاللہ
۶	گمشدہ چیز ملے گی لیکن نقصان کے بعد
۷	اچھی خبر ملے گی یا خط آئے گا
۸	غم مت کھا مراد پوری ہوگی
۹	نیک ارادہ ہے دوسرے مکان میں تکلیف نہیں ہوگی
۱۰	تجارت سے فائدہ پہنچے گا انشاءاللہ

https://www.shiabookspdf.com

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

۱	ملازمت کر مگر خدمت میں کوتاہی مت کر
۲	احوال روز بروز اچھا ہوگا
۳	فروخت کر کے پشیمانی نہ ہوگی
۴	خرید کہ نفع ہوگا اور سعی کر
۵	سفر کے لئے روانہ ہو فیض پائے گا
۶	شفا ہوگی انشاءاللہ لیکن صدقہ دینے میں کوتاہی نہ کر
۷	بہت جستجو کرنی چاہیے
۸	چند روز میں ظاہر ہوگا
۹	برے کاموں سے توبہ کرو پھر مراد پوری ہوگی
۱۰	نقل مکان خوب نہیں پشیمانی ہوگی

https://www.shiabookspdf.com

حضرت اسحٰق علیہ السلام

۱	انشاءاللہ غم سے نجات پائے گا۔
۲	نہ اس میں اچھائی ہے نہ برائی
۳	حالات بہتر ہونگے انشاءاللہ
۴	اگر فروخت کرے تو بہتر ہے
۵	خریدنے میں فائدہ ہوگا
۶	سفر مبارک ہوگا فائدہ اٹھائے گا
۷	پرہیز کرے انشاءاللہ شفا ہوگی
۸	جو چیز گئی ہے اب نہیں ملے گی رنج سے کوئی فائدہ نہیں
۹	بہت جلد ملاقات کا امکان ہے
۱۰	چند روز صبر کر انشاءاللہ مراد پوری ہوگی

https://www.shiabookspdf.com

حضرت یعقوب علیہ السلام

۱	کام چھوڑنے کا ارادہ ہے ہرگز نہ چھوڑنا
۲	انشاءاللہ غم سے نجات پائے گا
۳	یہ نوکری کر کے انشاءاللہ پشیمانی نہیں ہوگی
۴	اس سال تیرے حالات ٹھیک رہیں گے
۵	جس چیز کو فروخت کرنا چاہتا ہے فروخت کر دے نقصان میں نہیں رہے گا
۶	جس چیز کو خریدنے کا ارادہ ہے ضرور خرید لے فائدہ ہوگا
۷	انشااللہ اس سفر سے بہت منافع پائے گا
۸	بیمار اچھا ہوگا مگر اس کی خوراک کے مطابق صدقہ دینا چاہیے
۹	اگر چیز مل گئی تو تمہیں فائدہ نہیں ہوگا
۱۰	وہ خیریت سے ہے عنقریب اطلاع ملے گی

https://www.shiabookspdf.com

حضرت یوسف علیہ السلام

۱	ہرگز نوکری مت چھوڑنا۔ پریشانی اور پشیمانی ہوگی۔
۲	یہ مشغلہ اور کام جاری رکھو ورنہ شرمندگی ہوگی۔
۳	انشاءاللہ غم سے نجات ملے گی۔
۴	یہ نوکری مت کرو اللہ تعالیٰ اس سے بہتر سبیل پیدا کرسکتا ہے اس کو یاد کرو۔
۵	اب تک بہت سختیاں اٹھائی ہیں آئندہ صورت حال بہتر ہوگی۔
۶	فروخت مت کرو
۷	ضرور خرید و منافع بخش ہے۔
۸	سفر کا ارادہ ہے ضرور جاؤ انشاءاللہ فائدہ اٹھاؤ گے۔
۹	شفا ہوگی لیکن صدقہ دینے میں تاخیر نہ کر۔
۱۰	زحمت بسیار کے بعد ہاتھ آئے گی۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت یونس علیہ السلام

۱	قصد مصاحبت کسی سے رکھتا ہے۔ تو اگر مومن ہے خوب ہے اور جو کہ کافر ومنافق ہے محترز نہ ہو۔
۲	سوال ترک نوکری کا ہے خوب ہے ترک کر اور کوئی اور کام اخذ کر۔
۳	ارادہ ترک شغل درکار ہے زنہار ترک مت کر
۴	سوال غم سے نجات کا ہے جو کچھ تری قسمت میں ہے تجھے پہنچے گا
۵	نیت نوکری کی ہے بہتر ہے کہ اوقات عیش سے گذرے گی۔
۶	پیش آمدہ احوال سے سوال ہے گزرا جو کچھ گزرا اب روز بروز بہتر ہوگا۔
۷	قصد بیع مِلک کا ہے خوب ہے بیچنا اس کا تیرے حق میں ہوگا۔
۸	ارادہ خرید ملک کا ہے خرید کہ خوب ہے۔
۹	ارادہ سفر کا رکھتا ہے خوب نہیں ہے اس سفر میں رنج وآزار بسیار ہے۔
۱۰	مریض کے احوال سے سوال ہے بدیر صحت پاوے گا رنج اس کا بہت سخت ہے صدقہ دیتا رہ۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت ایوب علیہ السلام

۱	نیت عقد زن رکھتا ہے واللہ خوب ہے۔ درکار خیر حاجت، ہیچ استخارہ نیست، قدم اس عورت کا مبارک ہے۔
۲	قصد کسی کی مصاحبت کا رکھتا ہے خوب ہے مصاحب ہو کہ بہت نیک ہے۔
۳	نیت ترک نوکری کی ہے مت کر کہ ترک اس کو نہ کر سکے گا عبث زحمت مت کھینچ۔
۴	قصد ترک شغل درکار ہے اگر ترک کرے تو بہتر ہوگا۔
۵	سوال غم سے نجات کا ہے نجات پائے گا چند روز صبر کر۔
۶	قصد نوکری کا ہے البتہ کر کہ بغایت مبارک ہے۔
۷	پیش آمدہ احوال سے سوال ہے محنت گزری اب روز بروز بہتر ہے۔
۸	قصد ملک بیچنے کا ہے جلد بیچ کہ خوب ہے۔
۹	قصد خرید ملک کا ہے بہت خوب ہے اس میں تقصیر مت کر۔
۱۰	سفر کو جاتا ہے جا کہ نہایت خوب ہے نفع پاوے گا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت ادریس علیہ السلام

۱	سوال طلاق زن ہے۔ زن را نگزاری کہ پریشان گردی آشفتہ و بد حال و پشیمان گردی
۲	ارادہ نکاح زن کا ہے یہ عورت خوب ہے عقد کر لے اور اندیشہ نہ کر۔
۳	نیت مصاحبت کسی مرد سے ہے نہایت نیک ہے۔
۴	قصد ترک نوکری ہے بغایت مبارک ہے۔
۵	قصد ترک شغل و کار ہے خوب ہے جس کام میں ہے اس کو ترک نہ کر۔
٦	سوال غم سے نجات کا ہے نجات پاوے گا۔
۷	سوال نوکری کا ہے بہتر ہے خوشحال رہے گا۔
۸	پیش آمدہ احوال سے سوال ہے آئندہ خوب ہوگا۔
۹	ملک کو بیچنا چاہتا ہے مت بیچ کہ قیمت اس کی تیرے ہاتھ سے جاتی رہے گی۔
۱۰	قصد خریداری ملک ہے مت خرید کہ اس میں خدشہ ہے خوب نہیں۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت شعیب علیہ السلام

۱	نیت تزویج دختر کی ہے اس مرد سے خوب نہیں کہ موافقت نہ رہے گی۔
۲	طلاق زن چاہتا ہے۔ زن را چو طلاق می دہی از شوی از عیش ونشاط دائما محرومی۔
۳	قصد نکاح اس عورت سے ہے ایسی عورت سے درگزر کر کہ جفا کھینچے گا۔
۴	قصد مصاحبت اس مرد سے رکھتا ہے ترک مصاحبت کر کہ خوب نہیں۔
۵	قصد ترک نوکری ہے ترک کر کہ تیرے حق میں بہتر ہے۔
۶	قصد ترک شغل وکار رکھتا ہے ہرگز ترک نہ کر کہ بسیار مدت بیکار رہے گا۔
۷	غم سے نجات کا سوال ہے طمع دل سے دور کر کہ ہرگز غم نہ دیکھے گا۔
۸	قصد نوکری کا ہے قدم راہ میں رکھ اس نوکری سے تیرا مرتبہ بڑھے گا۔
۹	پیش آمدہ احوال سے سوال ہے جو کچھ مقدر ہے غیر اس کے نہ ہوگا۔
۱۰	سوال فروخت ملک کا ہے ہرگز فروخت نہ کر کہ پشیمان ہوگا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام

۱	سوال اولاد کا ہے۔ آید پسرے ز عالم بروں روشندل و پاکیزہ چو در مکنوں
۲	سوال نکاح دختر اس مرد سے بسیار خوب و مبارک ہے۔
۳	سوال طلاق زن کا ہے۔ گیرم کہ زن ترا بود با تو نفاق سہل است کہ برزبان بری نام طلاق
۴	خواستگاری زن ہے نکاح کر لے۔
۵	سوال مصاحبت اس مرد کا ہے دوستان نیک سے مصاحبت خوب بہتر ہے۔
۶	سوال ترک نوکری کا ہے آرام چاہتا ہے تو نوکری ترک کر۔
۷	نیت ترک شغل ہے مت کر کہ ایک مدت تک گرانی کھینچے گا۔
۸	سوال غم سے نجات کا ہے اگر تو باخدا رہے گا تو نجات پائے گا۔
۹	ارادہ نوکری کا ہے مت کر اور کوئی دوسرا کار اختیار کر نفع ہوگا۔
۱۰	پیش آمدہ یعنی آئندہ کے احوال سے سوال ہے طالع تیرا خوب ہے روز بروز بہتر ہوگا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت ہارون علیہ السلام

۱	عورت کیا جنے گی، زیں حاملہ در وجود آید پسرے شیریں دہن و شکر بے سیم برے
۲	سوال فرزند کا ہے اگر دوسری عورت سے نکاح کرے گا فرزند ہوگا۔
۳	سوال ہے کہ اس دختر کو اس مرد کو دوں یا نہ دوں خوب ہے موافقت رہے گی۔
۴	سوال طلاق زن کا ہے تعجیل مت کر کہ پشیماں ہوگا۔
۵	نیت خواستگاری زن سے ہے جلدی نکاح کر لے کہ سازگار ہوگا۔
۶	مصاحبت سے سوال ہے اس مرد کی مصاحبت نہ کر کہ آزار پائے گا تو
۷	نیت ترک نوکری ہے ترک مت کر کہ آزار پائے گا اور سرگردان ہوگا۔
۸	نیت ترک شغل وکار ہے ایسے کار سے دل خوش رکھ چند روز یہی شغل نیک ہے۔
۹	غم سے نجات کا سوال ہے دنیا میں کوئی بے غم نہیں ہے۔ مگر یہ کہ ترک دنیا کرے تو۔
۱۰	نیت ترک نوکری کی ہے ترک کر کہ اوقات گذاری اور بے فائدہ نہ ہوگا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت عیسٰی علیہ السلام

۱	نیت کسی کے ضامن ہونے کی رکھتا ہے اس ضامنی سے آزار کھینچے گا تو۔
۲	سوال ہے کہ حاملہ کیا جنے گی دل خوش رکھ لڑکا جنے گی۔
۳	امید فرزند سے سوال ہے مژدہ ہو کہ اللہ تجھے بیٹا دے گا۔
۴	سوال نکاح دختر کا اس مرد سے ہے نکاح کر دے کہ یہ مرد خوب ہے تو بھی جانتا ہے۔
۵	قصد طلاق زن ہے خوب ہے طلاق دیدے کہ آزار کھینچتا ہے تو۔
۶	قصد خواستگاری زن ہے سازگار نہیں آزار پائے گا عبث سعی نہ کر۔
۷	نیت مصاحبت کسی مرد کی ہے آخر رنجش پہنچے گی خوب نہیں۔
۸	قصد ترک نوکری ہے اگر ہو سکے تو بہتر ہے اور خوب ہے۔
۹	سوال ترک شغل وکار ہے ترک کر کہ اس شغل سے فائدہ نہیں
۱۰	غم سے نجات کا سوال ہے نجات پائے گا مگر نماز میں تقصیر مت کر۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت یحییٰ علیہ السلام

۱	تعبیر خواب کا سوال ہے اس سے آزار دیکھے گا تو استغفار کر۔
۲	ضامن ہونا اس مرد کا چاہتا ہے زنہار ضامن اپنے بھائی کا بھی مت ہو۔
۳	زن حاملہ سے سوال ہے۔ از حاملہ مژدہ ترا ای آید غمناک مشوکہ دخترے می زاید
۴	سوال پیدا ہونے فرزند کا ہے اگر دوسری عورت سے نکاح کرے تو لڑکا تولد ہوگا۔
۵	سوال عقد دختر اس مرد سے ہے اگر اس مرد کو دختر نہ دے تو خوب ہے۔
۶	نیت طلاق زن ہے زنہار طلاق نہ دے کہ پریشان ہوگا تو۔
۷	اس عورت سے نکاح چاہتا ہے مت کر صبر بہتر ہے ورنہ پریشان ہوگا تو۔
۸	واسطے مصاحبت اس مرد کے پوچھتا ہے حذر کرتا کہ پشیمان نہ ہو تو۔
۹	نیت ترک نوکری مانع ہے تجھ کو نہ چھوڑے گا مگر نوکری چھوڑ دے۔
۱۰	نیت ترک شغل وکار اپنے کی رکھتا ہے زبان سے کہتا ہے مگر ترک نہ کرے گا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت زکریا علیہ السلام

۱	علم کا سوال ہے از روے اخلاص عہد کر البتہ علم میسر ہوگا۔ السعی منی والاتمام من اللہ۔
۲	خواب تو نے دیکھا ہے نیک ہے عاقبت بخیر ہے دل جمعی کر۔
۳	نیت ضامنی کی رکھتا ہے بہت خوب ہے نقصان تجھ کو نہ پہنچے گا۔
۴	حاملہ عورت سے سوال ہے کہ کیا جنے گی۔ مژدہ ہو تجھکو کہ لڑکا جنے گی انشاءاللہ تعالیٰ۔
۵	امید فرزند کی رکھتا ہے فرزند ہوگا انشا اللہ دل خوش رکھ۔
۶	چاہتا ہے کہ یہ دختر اس مرد کے نکاح میں دوں بہت خوب ہے یہ نیک مرد ہے۔
۷	ارادہ طلاق زن رکھتا ہے طلاق مت دے کہ پشیمان ہوگا تو۔
۸	نیت خواستگاری اس عورت سے ہے بسیار خوب ہے مگر اس کے خویشوں سے آزار پائے گا۔
۹	سوال مصاحبت اس مرد سے ہے بہت نیک ہے مصاحب ہو۔
۱۰	نیت ترک نوکری ہے مت ترک کر ورنہ خانہ تیرا خراب ہوگا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت یوشع علیہ السلام

۱	نیت حج ہے قدم راہ میں رکھ کہ حج نصیب ہوگا آنکہ عزم رفتن حج داری نیکوست رواں قدم برہ بگذاری
۲	نیت طلب علم سے ہے سعی و جہد کر کہ طالبعلم ہوگا تو اس لئے جوینده پاینده
۳	تعبیر خواب کا سوال ہے پوشیدہ رکھ کہ یہ خوب نہیں
۴	ضامن ہونے کا سوال ہے زنہار ضامن مت ہو ورنہ زحمت کھینچے گا۔
۵	زن حاملہ سے سوال ہے یہ حاملہ دختر جنے گی کہ خانہ دار۔
۶	امید اولاد کی رکھتا ہے خدا تجھ کو فرزند دے گا مگر ہاتھ ظلم سے کوتاہ کر۔
۷	سوال عقد دختر اس مرد سے ہے عقد کر دے اس میں تقصیر مت کر۔
۸	طلاق دینی اپنی عورت کو چاہتا ہے اس فکر سے درگزر پشیمان ہوگا۔
۹	نیت نکاح کی کسی عورت سے ہے بسیار نیک ہے نکاح کر لے۔
۱۰	چاہتا ہے تو کہ مصاحب اس مرد کا ہو بہتر ہے کوئی مصاحب ہو۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت یسع علیہ السلام

۱	زیارت کربلا کا سوال ہے قدم استوار کر زیارت نصیب ہوگی۔
۲	حج کا سوال ہے بد کیا تو نے کہ نہیں گیا روانہ ہو حج نصیب ہوگا۔
۳	علم کا سوال ہے کوشش کرو کہ دولت و دین پائے گا اطلبو العلم ولوکان بانصین
۴	تعبیر خواب کا سوال ہے خوشنود ہو کہ عاقبت بخیر ہو۔
۵	قصد ضامن ہونے کا رکھتا ہے زنہار ضامن مت ہو کہ پشیمان ہوگا۔
۶	زن حاملہ سے سوال ہے لڑکا مبارک قدم پیدا ہوگا۔
۷	آرزو اولاد کی رکھتا ہے زحمت بہت کھینچے کہ خدائے تعالیٰ سے فرزند پائے گا۔
۸	دختر کو اس مرد کے عقد میں دینے کا سوال ہے زنہار مت کر کہ پشیمان ہوگا تو۔
۹	عورت کو طلاق دینی چاہتا ہے دیدے کہ عورت بدخو ہے۔
۱۰	اس عورت سے نکاح کر لے کہ قدم اسکا مبارک ہوگا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت ذی الکفل علیہ السلام

۱	سوال فتح اوپر دشمن کے ہے فتح پائے گا مگر صلح بہتر ہے۔
۲	زیارت کربلا کا سوال ہے روانہ ہو کہ زیارت نصیب ہوگی۔
۳	نیت حج کی ہے قدم راہ میں رکھ کہ حج نصیب ہوگا۔
۴	حصول علم کا سوال ہے بصدق تمام کوشش کر
۵	تعبیر خواب پوچھتا ہے یہ خواب اچھا نہیں ایں خواب کہ دیدہ نگوئی بکسے۔ مارا نبود از تو جز ایں مدتے
۶	نیت ضمانت اس مرد کی رکھتا ہے زنہار مت ضامن ہو کہ بد ہے۔
۷	سوال ہے کہ زن حاملہ کیا جنے گی شاد باش کہ فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔
۸	سوال فرزند کا ہے حق تعالیٰ فرزند خوب تجھے دیگا۔
۹	نیت عقد دختر اس مرد کے ہے زنہار مت کر کہ بد ہے ناسازگار ہوگا۔
۱۰	نیت طلاق زن ہے کہ پشیمان ہوگا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت الیاس علیہ السلام

۱	سوال کہ اس مرد کو پاس قاضی کے لیجاؤں۔ تا از تو خداوند خلق باشد راضی۔ تا بہ توانی مرپیش قاضی۔
۲	سوال ظفر او پر دشمن کے ہر چند ظفر پائے گا تو مگر در صلح زدن بہتر ہے۔
۳	نیت زیارت کربلا کی ہے روانہ ہو کہ زیارت تجھ کو نصیب ہوگی۔
۴	قصد حج کا ہے روانہ ہو کہ خدا تیرے ہمراہ ہے پہنچیگا۔
۵	واسطے علم کے سوال ہے بصد قدل کوشش کر علم نصیب ہوگا۔
۶	تعبیر خواب سے سائل ہے تو خواب اچھا ہے خوشی دیکھے گا تو۔
۷	نیت ضامن ہونے کی رکھتا ہے زنہار ضامن مت ہو کہ بد ہے
۸	سوال ہے کہ حاملہ کیا جنے گی لڑکا تولد ہوگا۔
۹	سوال ہے فرزند کا کہ نصیب ہوگا یا نہ خدا سے سوال کر شاید تجھ کو دے۔
۱۰	نیت عقد دختر اس مرد سے ہے ہرگز مت کر کہ بد ہے۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت خضر علیہ السلام

۱	ملک کا اجارہ لینا چاہتا ہے تو میانہ ہے نہ خوب ہے نہ بد ہے تو مختیار ہے چاہے لے چاہے نہ لے۔
۲	دعویٰ پیش قاضی کے لے جانا چاہتا ہے تو جب تک ہو سکے مت جا۔
۳	سوال ہے کہ دشمن پر فتح پاوے گا یا نہ ساتھ دشمن کے دوستی کر شاید اس پر ظفر یاب ہو تو۔
۴	نیت زیارت کربلا ہے البتہ تجھکو زیارت نصیب ہوگی۔
۵	نیت حج کی رکھتا ہے توفیق خدا سے چاہ کہ اس درگاہ سے کوئی محروم نہیں۔
۶	علم کا سوال ہے اس جگہ میسر نہ ہوگا سفر تجھے کرنا چاہیے۔
۷	تعبیر خواب کا سوال ہے خواب تیرا بد ہے کسی سے مت کہہ اور پوشیدہ رکھ۔
۸	ضامن ہونا اس مرد کا چاہتا ہے تو ہرگز مت ہو کہ پشیمان ہوگا۔
۹	زن حاملہ سے سوال ہے دختر جنے گی توقع قطع۔
۱۰	فرزند کا سوال ہے مژدہ ہو تجھکو کہ امید رہے گی۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت صالح علیہ السلام

۱	ملک کا اجارہ دینا چاہتا ہے تو دیدے کہ نفع اٹھائے گا تو۔
۲	ملک کا اجارہ لینا چاہتا ہے لے لے کہ نفع بہت اٹھائے گا تو۔
۳	مدعی کو لے کر پاس قاضی کے جانا چاہتا ہے اگر ہو سکے تو صلح کر لے۔
۴	سوال ظفر یابی کا اوپر دشمن کے ہے ترک دشمنی کر ورنہ تجھ کو ضرر پہنچے گا۔
۵	نیت زیارت کربلا کی رکھتا ہے اچھے لوگوں کے ساتھ رفاقت کر کہ زیارت نصیب ہوگی۔
۶	نیت حج کی رکھتا ہے اگر استطاعت حج کی ہے تو جا کہ حج نصیب ہوگا۔
۷	سوال نیت طلب علم ہے سعی کر فیض کونین پاوے گا۔
۸	تعبیر خواب کا سوال ہے دل خوش رکھ کہ نیک خواب ہے۔
۹	سوال ضامن ہونے کا ہے کسی کی ضمانت نہ کر کہ آزار پائے گا تو۔
۱۰	احوال زن حاملہ سے سوال ہے مژدہ ہو کہ لڑکا جنے گی۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت ذوالقرنین علیہ السلام

۱	نیت حرکت کی اس دکان سے ہے زنہار حرکت مت کر کہ بد ہے۔
۲	نیت اجارہ دینے ملک کی ہے خوب ہے اجارہ دینے کی سعی کر۔
۳	نیت اجارہ لینے ملک کی ہے جو کچھ نفع نہیں ہے سر بسر ضرور ہوگا۔
۴	واسطے دعویٰ لے جانے پیش قاضی سوال ہے بہتر ہے رفع خصومت ہو۔
۵	واسطے ظفر اوپر دشمن کے سوال ہے ظفر پائے گا تو اندیشہ مت کر۔
۶	واسطے زیارت کربلا کے سوال ہے قدم راہ میں رکھ کہ نصیب ہو۔
۷	نیت حج کی ہے نصیب ہے قدم راہ میں رکھ۔
۸	نیت طلب علم کی ہے اگر آرزوہائے دیگر کو قطع کرے گا تو مقصد کو پہنچے گا۔
۹	تعبیر خواب سے سوال ہے خوش ہو کہ باخیر وسعادت ہے۔
۱۰	ضامن ہونا چاہتا ہے میانہ ہے در دسری کھینچے گا۔

https://www.shiabooks.net

حضرت داؤد علیہ السلام

۱	واسطے ملازمت شاہ کے سوال ہے روانہ ہو کہ بسیار خوب ہے۔
۲	ارادہ نقل دکان رکھتا ہے نہایت نیک ہے
۳	نیت اجارہ دینے کی ہے خوب ہے پشیمان نہ ہوگا تو۔
۴	نیت اجارہ لینے کی ہے مت لے نقصان ہے۔
۵	دعوی پیش قاضی لے جانا چاہتا ہے خوب ہے قضیہ انفصال نہ ہوگا۔
۶	دشمن پر ظفر کا سوال ہے اس دشمن سے حذر بہتر ہے۔
۷	نیت زیارت کربلا ہے انشاء اللہ نصیب ہوگی۔
۸	نیت حج ہے قدم راہ میں رکھ کہ حاصل ہے۔
۹	نیت طلب علم کی ہے اگر سعی کرے تو دانشمند ہوگا۔
۱۰	تعبیر خواب کا سائل ہے تو مژدہ ہو کہ باخیر وسعادت ہے۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت سلیمان علیہ السلام

۱	معشوق سے ملنا چاہتا ہے معشوق تیرے ساتھ وفا نہ کرے گا۔
۲	سلطان سے بہرہ چاہتا ہے مت جا اور باخدارہ کہ فائدہ نہیں ہے۔
۳	قصد نقل دکان ہے خوب نہیں ہرگز مت جا۔
۴	قصد اجارہ دینے ملک کا ہے دیری بسیار خوب ہے البتہ نفع کھینچے گا۔
۵	اجارہ لینا چاہتا ہے لیلے کہ نفع پائیگا اور خوشحال ہوگا۔
۶	نیت رکھتا ہے کہ پیش قاضی جائے تو پس خدا ناصر و حامی ہے۔
۷	سوال دشمن پر فتح پانے کا ہے فتح پائے گا تو انشاءاللہ۔
۸	نیت زیارت کربلا ہے قدم راہ میں رکھ کہ نصیب ہوگی۔
۹	نیت حج ہے وارث مانع ہونگے گوش انکے منع پر نہ رکھ۔
۱۰	نیت طلب علم ہے نصیب ہے کوشش کر کہ بہرہ یاب ہوگا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت عزیز علیہ السلام

۱	سوال ادائیگی قرض کا ہے دل خوش رکھ کہ قرض تیرا ادا ہوگا۔
۲	سوال معشوق سے ہے یہ معشوق تیرا بہت سے خریدار رکھتا ہے۔
۳	قصد سلطان کے پاس جانے کا ہے دل خوش رکھ کہ بہرہ یاب ہوگا۔
۴	نیت نقل دوکان کی ہے چند روز صبر کر۔
۵	واسطے اجارہ دینے ملک کے سوال ہے البتہ خوب ہے نفع پائے گا تو۔
۶	واسطے اجارہ لینے ملک کے سوال ہے خوب نہیں اس اندیشہ سے باز رہ۔
۷	نیت پاس قاضی کے نالش کی ہے ہرگز مت جا مدعی کے ساتھ صلح کر لے۔
۸	واسطے فتحیابی کے دشمن پر سوال ہے دشمن تیار شوم ہے اس پر فتح نہ پائے گا تو۔
۹	نیت زیارت کربلا کی ہے جہد کر کہ زیارت نصیب ہوگی۔
۱۰	نیت کرے تو حج نصیب ہوگا والا فلا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت عزیر علیہ السلام

۱	قصد خریداری مرکب ہے خرید کہ انشاءاللہ راحت پائے گا تو۔
۲	سوال ادائے قرض ہے بے سعی کوئی چیز پیدا ہوگی کہ تیرا قرض ادا ہوگا۔
۳	حال عاشق معشوق سے سوال ہے دل خوش رکھ کہ مراد ان کی برآوے گی اور باہم مواں ہونگے۔
۴	سلطان سے بہرہ پانے کی سوال ہے اس وقت بہرہ سلطان سے دشوار ہے۔
۵	قصد اس دوکان سے دوسری کا ہے جس دوکان میں چاہے رہ ہر دو مساوی ہیں۔
۶	ملک کو اجارہ دینے کا سوال ہے نسبت دے کہ امسال نیک سے بہرہ یاب ہو گا تو۔
۷	واسطے اجارہ لینے ملک کو پوچھتا ہے پہلے کہ اس سے نفع بہت پاوے گا۔
۸	قصد جانے کا پاس قاضی کے رکھتا ہے اپنے حق کا کے ساتھ راضی رہ اور بس۔
۹	دشمن پر ظفریاب ہونے کا سوال ہے کار اپنا خدائے تعالے کے سپرد کر البتہ فتح پائے گا تو۔
۱۰	ارادہ زیارت کربلا رکھتا ہے توسعی کر زیارت نصیب ہوگی۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت اُوریا علیہ السلام۔

۱	ارادہ مرکب کے بیچنے کا رکھتا ہے مت بیچ کہ پشمان ہوگا تو۔
۲	ارادہ مول لینے مرکب کا ہے لے لے کہ نقصان نہیں رکھتا۔
۳	ادائیگی قرض کا سوال ہے۔ ذکر الٰہی لازم پکڑ اور نماز میں قصور مت کر ادا ہوگا۔
۴	معشوق کا سوال ہے مطلوب تیرا نہایت مشتاق ہے۔
۵	ملازمت سلطانی سے سوال ہے البتہ کر لے کہ فائدہ بیسار اور منافع بے شمار ہوگا۔
۶	قصد انتقال دوسری دوکان پر ہے مت جا کہ پشمان ہوگا۔
۷	قصد اجارہ دینے مِلک کا ہے دیدے کہ نفع بہت پائے گا۔
۸	قصد اجارہ لینے مِلک کا ہے لیلے کہ خوب ہے منافع بیسار ہے
۹	قصد جانے کا پیش قاضی ہے جا کہ ظفر پائے گا۔
۱۰	دشمن پر فتح یابی کا سوال ہے مت ڈر البتہ ظفر پائے گا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت جرجیس علیہ السّلام۔

۱	قصد قرض دینے کا ہے دیدے مگر ساتھ گروی کے دے کہ پشمان نہ ہوتو۔
۲	ارادہ فروخت مرکب ہے مت پوچھ جلد بیچ ڈال والاّ عیب بہم پہنچائے گا۔
۳	مرکب خرید کرنا چاہتا ہے خرید کر لے خوب ہے اس سے تجھ کو راحت ہوگی۔
۴	ادائیگی قرض کا سوال ہے دل قوی رکھ کہ ادا ہوگا انشا اللہ تعالیٰ۔
۵	حال معشوق کا سوال ہے اس معشوق کو ترک کر البتہ۔
۶	ملازمت شاہ سے سوال ہے مژدہ ہو کہ جلد جاہ و مرتبہ پائے گا۔
۷	قصد انتقال دوکان ہے بہت خوب ہے البتہ نقل کر۔
۸	مِلک کا اجارہ دینا چاہتا ہے چند روز صبر کر نقصان نہ ہو۔
۹	مِلک کا اجارہ لینا چاہتا ہے لیلے کہ فیض و نفع پائے گا۔
۱۰	پاس قاضی کے جانا چاہتا ہے اگر مدعی کے ساتھ صلح کر لے تو بہتر ہے۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت شمعون علیہ السّلام۔

۱	قصد رفاقت اس مرد کا ہے البتہ رفاقت اس مرد کی نہ کر بلکہ اس جماعت کو ترک کر کہ تجھ کو ضرر پہنچے گا۔
۲	کسی کو قرض دینا چاہتا ہے بہت خوب ہے مگر بغیر گروی کے مت دے ورنہ پریشان ہوگا۔
۳	مرکب کا بیچنا چاہتا ہے بیچ ڈال اور نگاہ مت رکھ۔
۴	مرکب کا خریدنا چاہتا ہے خرید لے کہ مرکب بہت خوب ہے۔
۵	ادائیگی قرض کا سوال ہے جمع رکھ البتہ یہ قرض تیرا ادا ہوگا۔
۶	حال معشوق سے سوال ہے یہ معشوق تیرے ساتھ وفا نہ کرے گا۔
۷	قصد خدمت سلطان ہے باخدارہ اور چند روز گرد اس کام کے مت جا۔
۸	انتقال اس دوکان سے دوسری سے دوسری پر چاہتا ہے جانے سے نہ جانا بہتر ہے۔
۹	مِلک کا اجارہ دینا چاہتا ہے ہرگز نہ دے پشمانی لاوے گا۔
۱۰	مِلک کا اجارہ لینا چاہتا ہے ہرگز مت لے کہ نقصان رکھتا ہے۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت لوط علیہ السلّام۔

۱	غلہ خریدنا چاہتا ہے اے صاحبِ مال اس سودے سے آپ کو معاف رکھے۔
۲	رفاقت اس مرد کی چاہتا ہے بہت خوب ہے البتہ رفاقت کر۔
۳	قرض دینا کسی کو چاہتا ہے دیدے مگر بے گفتگو ادا نہ ہوگا آگے تو جان۔
۴	مرکب کا فروخت کرنا چاہتا ہے بہت خوب ہے فروخت کر دے۔
۵	مرکب کا خریدنا چاہتا ہے خرید لے نہایت خوب ہے۔
٦	ادائیگی قرض کا سوال ہے دل خوش رکھ ادا ہوگا۔
۷	معشوق سے سوال ہے محبت مردانِ خدا کی بہتر ہے۔
۸	خدمت سلطان سے سوال ہے خوب ہے البتہ جا کہ عزت وجاہ پائے گا۔
۹	نقل دکان کی چاہتا ہے بد ہے مت جا کہ پشیمان ہوگا۔
۱۰	مِلک کا اجارہ دینا چاہتا ہے بہت خوب ہے البتہ دینا چاہیے۔

https://www.sniabookspdf.com

حضرت ہود علیہ السّلام۔

۱	غلہ کا بیچنا چاہتا ہے بیچ خوب ہے کہ نفع پائیگا۔
۲	ارادہ خریدنے غلہ کا ہے بقدرِ احتیاج خرید کر زیادہ مت لے کہ پشیمان نہ ہوتو۔
۳	سوال رفاقت جماعت کا ہے بہت خوب ہے۔ مگر دست وزبان کو نگاہ رکھ۔
۴	میل قرض دینے کا رکھتا ہے ظاہر اپنی درویشی پر نازاں ہوتا ہے تو۔
۵	واسطے فروخت مرکب کے سوال ہے بہت خوب ہے تعمیل کرنی ہوگی۔
۶	واسطے خریداری مرکب کے سوال ہے تاخیر کر کہ بازی نہ ہارے تو۔
۷	سوال قرض کی ادائیگی کا ہے قرض خواہ تیرے پاس پہنچے گا ادا ہوگا۔
۸	حال عاشق ومعشوق سے سوال ہے یہ معشوق تیرے ساتھ وفا نہ کرے گا۔
۹	خدمتِ سلطان سے سوال ہے باخدارہ اور چندروز خود اس کار کے مت جا۔
۱۰	قصد نقل دوکان ہے خوب ہے نقل کر۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

۱	سوال وطن جانے کا ہے خوب ہے البتہ جا کہ غربت میں جفا کھینچتا ہے تو۔
۲	ارادہ غلہ بیچنے کا ہے اگر نفع دنیا کا مطلوب ہے تو ابھی صبر کر۔
۳	ارادہ غلہ خریدنے کا ہے بہت خوب ہے خرید کر تجھ کو راحت پہنچے گی۔
۴	نیت رفاقت کی رکھتا ہے بہت خوب ہے البتہ رفاقت کر۔
۵	سوال ہے کہ روپیہ قرض میں دے خوب ہے مگر بغیر گروی کے نہ دے۔
۶	مرکب کو بیچنا چاہتا ہے مت بیچ کہ پشیمانی اٹھائیگا تو۔
۷	مرکب کا خریدنا چاہتا ہے چند روز صبر کر کہ دولتِ عظیم تجھے پہنچے گی۔
۸	نیت رکھتا ہے کہ قرض اپنا وصول کرے صبر کر کہ دروازہ تیرے واسطے کھولا جائے گا۔
۹	حال عاشق و معشوق سے سوال ہے اس عاشقی اور معشوقی سے مقصد نہ پاوے گا۔
۱۰	سوال جانے کا نزدیک سلطان کے ہے عزت و جاہ کے ساتھ آگے سلطان کے جا کہ تجھ پر عنایت کرے گا۔

https://www.shirbooks.pdf.com

حضرت امیر المومنین علیہ السّلام۔

۱	میل رکھتا ہے تو کہ دوا کھائے تو صبر کر راحت پائیگا تو چند روز دیگر صبر بہتر ہے۔
۲	وطن جانے کا ارادہ ہے مت جا کہ خوشی دشمنوں کی ہوگی اور تو پشیمان ہوگا۔
۳	ارادہ غلہ بیچنے کا ہے اگر بیچے گا تو بہتر ہے اس سے کہ تو نہ بیچے۔
۴	ارادہ غلہ خریدنے کا ہے خرید کر بہت خوب خیر دیکھے گا۔
۵	سوال رفاقت کرنے کا ہے البتہ رفاقت کر۔
۶	واسطے قرض دینے کے سوال بہت خوب ہے مگر کسی کو ضامن رکھتا ہے تو۔
۷	مرکب کو فروخت کرنا چاہتا ہے فروخت کر خوب ہے البتہ۔
۸	ارادہ مرکب خریدنے کا ہے صبر کرنا چاہیے کہ نقصان تجھ کو نہ پہنچے گا۔
۹	نیت ادا ہونے قرض کی ہے خدائے تعالی غیب سے تیرے قرض ادا کرے گا۔
۱۰	حال معشوق سے سوال ہے دل بدوستان خدا باندھنا اُولی ہے۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت امام حسن علیہ السّلام۔

۱	حال معاش امسال سے سوال ہے اس برس معاش تیری خوب ہوگی انشاءاللہ تعالی۔
۲	دوا کھانے کا سوال ہے نیک ہے شروع کر نفع پاوے گا تو۔
۳	وطن جانے کا سوال ہے جا مگر استقامت نیک سے کہ راحت پاتا ہے۔
۴	غلہ بیچنا چاہتا ہے مت بیچ کہ بہت پشیمانی کھینچے گا تو۔
۵	غلہ خریدنا چاہتا ہے البتہ خریدنے میں تقصیر مت کر۔
٦	واسطے رفاقت اس مرد کہ سوال ہے خوب ہے مگر سیاہ چہرے سے حذر کر۔
۷	قرض دینا چاہتا ہے خوب ہے قرض خواہ مومن ہے۔
۸	مرکب بیچنا چاہتا ہے چندے اور توقف کر دیکھ۔
۹	مرکب کو خریدنا چاہتا ہے خرید کہ اس سے بہتر پائے گا تو۔
۱۰	واسطے ادائیگی کے قرض پوچھتا ہے ادا ہوگا انشاءاللہ۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت امام حسین علیہ السّلام۔

۱	وطن سے جانے کا سوال ہے اگر ہو سکے تو البتہ جا۔
۲	معاش امسال سے سوال ہے معاش تیری امسال خوب ہوگی انشاء اللہ۔
۳	دوا کھانے کا سوال ہے بہت خوب ہے کہ نفع تجھ کو پہنچے گا۔
۴	وطن کا جانا چاہتا ہے اگر چند روز صبر کر کے جائے تو بہتر ہوگا۔
۵	غلہ کا بیچنا چاہتا ہے بیچ کہ نگاہ رکھنے سے بہتر ہے۔
۶	غلہ کو خریدنا چاہتا ہے خرید کہ بہت خوب ہے نقصان نہیں رکھتا۔
۷	رفاقت اس جماعت کی چاہتا ہے بہتر ہے رفاقت کر مگر زبان کو نگاہ رکھ۔
۸	قرض دینا چاہتا ہے کہ نیک ہے ادا ہوگا۔
۹	مرکب کا بیچنا چاہتا ہے البتہ بیچ کہ بہت خوب ہے۔
۱۰	مرکب کا خریدنا چاہتا ہے چند روز صبر کر کہ بہتر اس سے پائیگا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت زین العابدین علیہ السّلام۔

۱	سوال خریداری متاع کا ہے مت خرید کہ نفع بہت نہیں ہے۔
۲	وطن سے جانا چاہتا ہے بہت خوب ہے اس فکر سے مت پھر کہ بہتر ہے۔
۳	معاشِ امسال سے سوال ہے اس برس معاش تیری خوب گزرے گی۔
۴	دوا کھانے کو پوچھتا ہے کچھ اندیشہ اور وسوسہ مت کر دوا کھا البتہ نفع پائے گا۔
۵	وطن کا جانا چاہتا ہے اگر تیرے ہاتھ میں کچھ چیز ہے تو جا ورنہ صبر کر۔
۶	غلہ بیچنا چاہتا ہے البتہ بیچ کہ قیمت زیادہ نہ ہوگی۔
۷	غلہ مول لینا چاہتا ہے بقدر احتیاج کے خرید کر زیادہ لینے میں پشمان ہوگا۔
۸	رفاقت کرنی چاہتا ہے ان رفیقوں سے بھاگ کہ صحبت انکی ضرر رکھتی ہے۔
۹	اس مرد کو قرض دینا چاہتا ہے زنہار اس شخص کو قرض نہ دیجیو۔
۱۰	مرکب کا فروخت کرنا چاہتا ہے مت فروخت کر کہ پشمان ہوگا اور منافع نہیں رکھتا۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام۔

۱	اس متاع کا بیچنا چاہتا ہے صبر کر کہ اس کے بیچنے میں نقصان ہے۔
۲	اس متاع کا مول لینا چاہتا ہے مت لے کہ نفع نہیں رکھتا ہے کہ پشیمانی کھینچے گا۔
۳	وطن سے جانا چاہتا ہے اگر ہندوستان کا قصد ہے تو خوب ہے البتہ جا۔
۴	حال معاش امسال سے سوال ہے کہ سال گزشتہ میں جفا اٹھائی تو نے آئندہ خوب ہے۔
۵	دوا کھانا چاہتا ہے صبر کر مرض تیرا دفع ہوگا۔
۶	وطن کا جانا چاہتا ہے البتہ جا کہ طالع تیرا وطن میں قوت رکھتا ہے۔
۷	بیچنا غلہ کا چاہتا ہے مت بیچ کہ بیچنے سے نگاہ رکھنا بہتر ہے۔
۸	مول لینا غلہ کا چاہتا ہے مت لے کہ زیان رکھتا ہے۔
۹	رفاقت کرنی چاہتا ہے ناحق آزار مت کھینچ کہ رفقاء ساتھ تیرے ایک دل نہیں ہیں۔
۱۰	سوال قرض دینے کا ہے احتیاط لازم ہے۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام۔

۱	شراکت چاہتا ہے شراکت اس مرد سے خوب نہیں کہ خائن ہے۔
۲	بیچنا متاع کا چاہتا ہے البتہ بیچ کہ نفع نگاہ رکھنے میں نہیں۔
۳	خریدنا متاع کا چاہتا ہے خرید کہ بہت خوب ہے نفع تجھ کو ہوگا۔
۴	وطن سے جانا چاہتا ہے زنہار مت جا کہ آزار پائیگا تو۔
۵	معاش امسال سے سوال ہے خرچ اور دخل تیرا آسان برابر ہوگا۔
۶	دوا کا کھانا چاہتا ہے البتہ کھا کہ نفع دیگی۔
۷	اپنے وطن کو جانا چاہتا ہے البتہ جا کہ عزیزان چشم براہ ہیں۔
۸	بیچنا غلہ کا چاہتا ہے مت بیچ کہ پشیمانی ہوگی۔
۹	خریدنا غلہ کا چاہتا ہے البتہ خرید کرنے میں تقصیر مت کر۔
۱۰	رفاقت کرنی چاہتا ہے اگر نہ کرے تو بہت خوب ہے ورنہ پشیمانی ہوگی۔

https://www.shabbooksspdf.com

حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام۔

۱	چاہتا ہے تو کہ غلام کو بیچے البتہ بیچ کہ حرامزادہ ہے۔
۲	شرکت چاہتا ہے البتہ کہ بسیار خوب ہے۔
۳	بیچنا متاع کا چاہتا ہے چند روز دیکھ کر صبر کر۔
۴	مول لینا متاع کا چاہتا ہے مول لے کے نفع پائیگا تو۔
۵	وطن سے جانا چاہتا ہے زنہار وطن سے باہر مت جا۔
۶	معاش امسال سے سوال ہے اسی سال میں درِ فیض الٰہی اوپر تیرے مفتوح ہوگا۔
۷	کھانے دوا سے سوال ہے اس ماہ میں صبر کر کہ آئیندہ خوب ہے۔
۸	وطن کو جانا چاہتا ہے اگر دسترس رکھتا ہے تو جا کہ ساتھ دشمن کے ہم کام ہوگا۔
۹	بیچنا غلہ کا چاہتا ہے زنہار مت بیچ کہ پشمان ہوگا تو۔
۱۰	مول لینا غلہ کا چاہتا ہے بقدرِ احتیاج خرید کہ زیادہ خریدنا خوب نہیں ہے۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت امام موسی علی رضا علیہ السلام۔

۱	رکھ لے مبارک ہے۔
۲	نکال دے ناکارہ ہے۔
۳	شرکت کرنی چاہتا ہے زنہار مشارکت اس مرد کی نہ کر کہ پشیمان ہوگا۔
۴	بیچنا اس متاع کا چاہتا ہے ابھی صبر کر کہ بعد چند روز کے بہتر ہے۔
۵	مول لینا اس متاع کا چاہتا ہے اس کے لینے میں سعی کر اور تقصیر مت کر۔
۶	وطن سے جانا چاہتا ہے جب تک ضرورت نہ ہو مت جا پشیمان ہوگا تو۔
۷	معاش سے سوال ہے خرچ با اندازہ دخل کے کرنا چاہئے۔
۸	چاہتا ہے کہ دوا کھائے بہت خوب ہے۔ اگر نہ کھاوے گا بیماری کھینچے گا۔
۹	اپنے وطن کو جانا چاہتا ہے ہر چند زود تر جاویگا نیک تر ہوگا۔
۱۰	فروخت کرنا غلہ کا چاہتا ہے اگر فروخت نہ کرے تو بہتر ہے۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت امام محمد تقی علیہ السلام۔

۱	سوال تجارت ہے خوب ہے کہ نفع کثیر رکھتی ہے۔
۲	خدمت گار چاہتا ہے رکھ لے۔
۳	ملازم کو نکالنا چاہتا ہے مگر اس عمل میں پشیمانی ہوگی اس جیسا دوسرا نہیں ملے گا۔
۴	شرکت کرنی چاہتا ہے خوب ہے کچھ ضرر نہیں ہے۔
۵	بیچنا متاع کا چاہتا ہے دلگیر نہ ہو کہ خریدار خوب باہم پہنچے گا۔
۶	خریدنا متاع کا چاہتا ہے خرید کر کہ نفع کثیر پاوے گا لینے میں سعی کر۔
۷	وطن سے جانا چاہتا ہے اگر قصد ہندوستان کا ہے خوب ہے وِالا فلا۔
۸	معاش امسال سے سوال ہے طالع تیرا اس سال میں نحوست سے باہر نہ جائیگا۔
۹	دوا کھانی چاہتا ہے البتہ کھا کہ بسیار نفع پہنچے گا۔
۱۰	اپنے وطن کو جانا چاہتا ہے البتہ جا کہ بہت خوب ہے۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت امام نقی علیہ السلام۔

۱	نقل مکان چاہتا ہے خوب ہے مکان اول کو ترک کر۔
۲	قصد تجارت ہے بہت خوب ہے اس سودے سے دولت ملے گی۔
۳	رکھ لے فائدہ پہنچائے گا۔
۴	ملازم کو الگ کرنا چاہتا ہے الگ کر دینا ہی بہتر ہے۔
۵	قصد شرکت ہے خوب ہے شرکت کر۔
۶	قصد فروخت متاع ہے ابھی صبر کر کہ آئندہ فروخت کرنا بہتر ہے۔
۷	قصد خریداری متاع ہے البتہ خرید نہ کر کہ نقصان بہت رکھتا ہے۔
۸	وطن سے جانے کا سوال ہے رہنے سے جانا بہتر ہے البتہ جا۔
۹	معاش امسال سے سوال ہے معاش تیری روز بروز بہتر ہوگی انشاء اللہ تعالی۔
۱۰	چاہتا ہے کہ دوا کھاوے ہرگز مت کھا اور اس قصد کو دل سے دور رکھ ہلاکت لاوے گی۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام۔

۱	برآنے مراد کا سوال ہے البتہ مراد برآوے گی۔ مگر طاعت میں تقصیر مت کر۔
۲	نقل مکان چاہتا ہے ابھی اس مکان میں باہر مت جا۔
۳	سوال تجارت ہے اس سودے سے نفع تجھے پہنچے گا البتہ تجارت کر۔
۴	ملازم رکھنے کا پوچھتا ہے رکھ لے نیک اقدام ہے۔
۵	علیحدہ کر لے اس کو رکھنے میں نفع نہیں ہے۔
۶	قصد شرکت ہے اس مشارکت سے حذر کر کہ نقصان اٹھائے گا۔
۷	سوال فروخت متاع ہے خوب ہے البتہ اس کے فروخت کرنے میں تعجیل کر۔
۸	سوال خریداری متاع ہے مت خرید کہ بد ہے فیض نہ پاوے گا۔
۹	وطن سے جانے کا سوال ہے زنہار اس ارادہ سے درگزر کر کہ پشیمان ہوگا۔
۱۰	سوال معاش امسال ہے معاش تیری اس برس بہتر ہوگی۔

https://www.shiabooks.com

حضرت امام صاحب الامر علیہ السلام۔

۱	غائب سے سوال ہے غائب بسلامتی ہے مگر ہاتھ اس کا خالی ہے۔
۲	برآنے مراد کا سوال ہے یہ مراد برنہ آوے گی عبث تشویش نہ کر۔
۳	نقل مکان کا سوال ہے نقل کرنی چاہیے بہتر ہے۔
۴	سوال تجارت ہے البتہ تجارت کر کہ نفع پائے گا۔
۵	اس آدمی کو ملازم رکھ کر پچھتائے گا۔
۶	اس کو علیحدہ کر دینے میں فائدہ ہے۔
۷	سوال شرکت ہے زنہار شرکت مت کر پشیمان ہوگا۔
۸	فروخت کرنے متاع کا سوال ہے مت فروخت کر کہ پشیمان ہوگا۔
۹	خریداری متاع کا سوال ہے مت خرید کہ نفع نہ پاوے گا۔
۱۰	وطن سے جانے چاہتا ہے جب تک چار پایہ نہ ہو مت جا۔ کہ ریاضت کھینچے گا۔

https://www.shiabooks.com

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ۔

۱	گمشدہ سے سوال ہے ہاتھ نہ آوے گا بے فائدہ رنج مت اٹھا۔
۲	غیب کے حال سے سوال ہے اچھا ہے جلد خیر اس کی تیرے پاس پہنچے گی۔
۳	برآنے مراد کا سوال ہے مژدہ ہو تجھ کو مراد تیری برآوے گی۔
۴	چاہتا ہے کہ تو نقل مکان کرے جلدی کر کہ بہت خوب ہے۔
۵	سوال تجارت کا ہے توکل بخدا کر کے کار تجارت جاری کر کہ نفع پائے گا۔
۶	اس آدمی کو ملازمت دیکر فائدے میں رہیگا۔
۷	اس ملازم سے نجات میں فائدہ ہے۔
۸	سوال شرکت اس مرد سے ہے عین ثواب ہے شرکت کر۔
۹	فروخت کرنا متاع کا چاہتا ہے فروخت کر نیکی دیکھے گا۔
۱۰	اس متاع کا خریدنا چاہتا ہے مت خرید کہ نفع نہ پائیگا تو۔

https://www.shiabookspdf.com

حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ۔

۱	شفائے بیمار سے سوال ہے بیمار شفاء پائیگا۔انشاءاللہ۔صدقہ دیا کر۔
۲	گم شدہ سے سوال ہے اس میں کوشش بے فائدہ ہے رنج مت کر۔
۳	حال غائب سے سوال ہے حال اس کا خوب نہیں خیر اس سے مشکل ہے۔
۴	مراد برآنے سے سوال ہے مراد نہ برآویگی جب تک طاعت میں کمر مستحکم نہ باندھے گا۔
۵	نقل مکان سے سوال ہے فی الحال اسی مکان میں رہ باہر مت جا۔
٦	تجارت کا سوال ہے مت کر نقصان اٹھاوے گا۔
۷	ہرگز مت رکھ سبز قدم اور منحوس ہے۔
۸	اس کو اپنے پاس رکھنے میں فائدہ ہے۔
۹	سوال شرکت میں مضائقہ نہیں فائدہ بدیر ہوگا۔
۱۰	فروخت کرنا متاع کا چاہتا ہے خوب ہے اس کے بیچنے میں تعجیل کر۔

https://www.shiabookspdf.com

https://www.shiabookspdf.com

https://www.shiabookspdf.com

https://www.shiabookspdf.com

https://www.shiabookspdf.com